Sample

9	9	1	2	3	4

87 P-620

SSC-A-I-2026 (10th)

0+0=

Roll No

Student Must Fill the Roll Number Bubbles

(Section-A) Marks= (15) Time Allowed: 20 Minutes

All questions of this section must be answered on this page and handed over to the Superintendent within given time

991234

Student Name

Name of Paper URDU (U II)

SSC-10th-Abbottabad-2026

Paper Date 02-APR 26

165

Paper Code 06

Paper Version (A) (B) (C)

Signature of Student ____________

Sign and Seal of Suptd. ________

SEAL

سوال نمبر کے مطابق درست جواب نمبر کا دائرہ پُر کریں۔

سوالات

1. اپنے موضوع کے موافق با قاعدہ عنوان رکھتا/رکھتی ہے۔ a. غزل، b دوہا، c معرا، d نظم
2. پاکستان نے بھارت کو چار گول سے ہرا دیا۔ اندازِ بیاں ہے۔ a دفتری، b. ادبی، c. صحافتی، d قانونی
3. تاریخ مقررہ پر ملزم اور گواہان حاضر عدالت ہو جائیں۔ اندازِ بیاں ہے۔ a قانونی، b دفتری، c صحافتی، d. ادبی
4. "سفیان نے پھول توڑا"۔ میں "توڑا" ہے۔ a. مسند، b اسناد، c. سند، d. مسندالیہ
5. تندرستی ہزار نعمت ہے۔ میں "نعمت" ہے۔ a. فعل، b. خبر، c فاعل، d. مبتدا
6. درج ذیل میں درست جملہ معترضہ ہے۔ a. مریم تمہاری (بہن نے) نظم پڑھی، b (مریم تمہاری) بہن نے نظم پڑھی، c. مریم تمہاری بہن نے (نظم پڑھی)، d. مریم (تمہاری بہن) نے نظم پڑھی
7. جس کے ہر شعر میں الگ موضوع اور خیال ہو، کہلاتا/کہلاتی ہے۔ a. گیت، b. نغمہ، c غزل، d. نظم
8. افسانے کے لغوی معنی ہیں۔ a. من گھڑت کہانی، b. سچی کہانی، c. چشم دید واقعہ، d. اسلامی کہانی
9. "انسان کی زندگی چار دن کی ہے" یہ جملہ مثال ہے۔ a. تشبیہ، b. استعارہ، c. مجاز مرسل، d کنایہ
10. ؎ دل ناداں تجھے ہوا کیا ہے آخر اس درد کی دوا کیا ہے، اس شعر میں "ہوا، دوا" ہے۔ a. مطلع، b. قافیہ، c. ردیف، d. مقطع
11. "جامِ جم سے ڈریں نہ حشمتِ کے سے ڈریں"۔ اس مصرع میں صنعت استعمال ہوئی ہے۔ a. تلمیح، b تلمیع، c. تضاد، d. مراعاۃ النظیر
12. ساجد ذہین ہے۔ کی ترکیب نحوی ہے۔ a. فعل، فاعل، خبر، b مبتدا، فعل، فاعل، c. فعل، فاعل، خبر، d مبتدا، خبر، فعل ناقص
13. ہانیہ نے آٹا گوندھا۔ کی ترکیب نحوی ہے۔ a. فاعل، مفعول، فعل، b. فعل، فاعل، خبر، c فعل، فاعل، مبتدا، d. مبتدا، خبر، فعل ناقص
14. "سانپ کی مانند بل کھاتی ہوئی پگڈنڈی" اس مثال میں سانپ ہے۔ a مشبہ، b مشبہ بہ، c. حرف تشبیہ، d. وجہ تشبیہ
15. اسد بُت بنا کھڑا رہا۔ جملہ میں علم بیان کی اصطلاح ہے۔ a. کنایہ، b مجاز مرسل، c استعارہ، d. تشبیہ

991234

165

1. (A) (B) (C) (D)
2. (A) (B) (C) (D)
3. (A) (B) (C) (D)
4. (A) (B) (C) (D)
5. (A) (B) (C) (D)
6. (A) (B) (C) (D)
7. (A) (B) (C) (D)
8. (A) (B) (C) (D)
9. (A) (B) (C) (D)
10. (A) (B) (C) (D)
11. (A) (B) (C) (D)
12. (A) (B) (C) (D)
13. (A) (B) (C) (D)
14. (A) (B) (C) (D)
15. (A) (B) (C) (D)

If the Candidate is absent, The **Superintendent** Should fill this Cricle and pack the sheet with solved OMR sheets in roll number order → ○

P-621

10261

اردو لازمی - دہم

SSC-10th-Abbottabad-2026

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

سیکشن - ب

نمبر: 36

1. الف) درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالات میں سے آٹھ کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ (8×2=16)

ایک دن کسی تقریب کے سلسلے میں سفیدی ہو رہی تھی۔ دنیا کے دکھانے کے لیے آمنہ نے چاہا کہ بڑی بی کی کوٹھڑی بھی صاف کر دی جائے۔ چنانچہ اس نے سارا اگڑ گودڑ باہر نکال کر پھینکا تو بے چاری بہت ٹپٹائی، روئی، چیخی، منتیں کیں مگر آمنہ کی منہ زوری اور سخت گیری کے سامنے ایک نہ چلی۔ اب ادھر سفیدی ہو رہی تھی اور ادھر غریب بے آس بڑھیا کونے کونے میں اپنی چیزوں کو ڈھونڈتی پھرتی تھی۔ سفیدی ہو گئی تو پرنانی اپنی کھٹیا پر جا بیٹھیں اور اپنے وقت کا زیادہ حصہ خاموش آنسو بہانے اور لمبے لمبے سانس لینے میں گزارنے لگیں۔ دقیانوسی خیال کے لوگوں کا قاعدہ ہے کہ وہ گھر کی پرانی چیزیں خواہ وہ کتنی ہی بے کار اور فضول کیوں نہ ہوں ضائع نہیں کرتے اور "داشتہ آید بکار" کہہ کر کسی مکان یا کسی کونے کھدرے میں رکھ دیتے ہیں۔ اسی طرح آمنہ نے بھی گھر کی دوسری غیر ضروری چیزوں کے ساتھ بڑی بی کا گودڑ بھی سمیٹ کر کاٹ کباڑ کی کوٹھڑی میں ڈال دیا اور بات آئی گئی ہوئی۔

سوالات:
- i. تقریب کے سلسلے میں کیا ہو رہا تھا؟
- ii. دنیا کو دکھانے کے لیے آمنہ نے کیا چاہا؟
- iii. آمنہ نے کوٹھڑی سے باہر کیا پھینکا؟
- iv. آمنہ کے رویے کی وجہ سے نانی نے کیا کہا؟
- v. غریب اور بے آس بڑھیا کیا ڈھونڈتی پھرتی تھی؟
- vi. جب سفیدی ہو گئی تو پرنانی وقت کیسے گزارنے لگیں؟
- vii. دقیانوسی خیال کے لوگوں کا کیا قاعدہ ہے؟
- viii. آمنہ نے غیر ضروری چیزوں کے ساتھ کیا کیا؟
- ix. عبارت کا مناسب عنوان تحریر کریں۔

ب) درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

جس کی محنت سے پھبکتا ہے تن آسانی کا باغ — جس کی ظلمت کی ہتھیلی پر تمدن کا چراغ
دھوپ کے جھلسے ہوئے رخ پر مشقت کے نشاں — کھیت سے پھیرے ہوئے منہ گھر کی جانب رواں

- i. نظم پارے میں درج ترکیب "تمدن کا چراغ" کے مفہوم کی وضاحت کریں۔
- ii. نظم پارے میں درج ترکیب "تن آسانی کا باغ" کے مفہوم کی وضاحت کریں۔
- iii. کسان کی محنت پر کوئی سی دو سطریں تحریر کریں۔
- iv. کسان کی دن رات کی محنت سے ہمیں کون سے دو فائدے حاصل ہوتے ہیں۔
- v. درج بالا اشعار [illegible] میں تحریر کریں۔

ج) درج ذیل میں سے صرف پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

- i. درج ذیل جملوں کی تقطیع کریں۔ (i) نفیسہ محنتی لڑکی ہے۔ (ii) عائشہ سموسے کھاتی ہے۔
- ii. درج ذیل عبارت میں ذو معنی الفاظ الگ کر کے دوبارہ لکھیں۔ میرے گھر میں بہت خوبصورت پروں والا مور ہے۔ جس کو مختلف آوازیں نکالنے میں ملکہ حاصل ہے۔
- iii. تشبیہ اور مجاز مرسل میں فرق واضح کریں۔
- iv. حسن مطلع کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔
- v. قصیدہ اور مرثیہ کسے کہتے ہیں۔
- vi. ذیل کے جملوں کو جملہ معترضہ کے لحاظ سے درست کر کے دوبارہ تحریر کریں۔ (i) میری کتاب اردو کی کہیں گم ہو گئی ہے۔ (ii) میرے بھائی محلے کی کمیٹی کے چیئر مین منتخب ہو گئے۔

tayarri.com

P-622

سیکشن ۔ ج

نمبر: 24

2. متن اور سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔ (5)

الف) جیسے اس انار کے سارے جلتے پھول ان پر برس گئے ۔ پھر بھی نہ جانے کیسے ان کا کانپتا ہوا ہاتھ بے اختیار آگے بڑھا۔ درمیانی گول میز جیسے انہیں نظر نہیں آ رہی تھی۔ یہ میز پر اوندھ گئیں اور جانے کیسے انہوں نے میاں کی پتلون کا پائنچا مضبوطی سے مٹھی میں جکڑ لیا اور کہنے کی کوشش میں ہانپنے لگیں آنکھوں اور ناک سے بہتا پانی کھلے ہونٹ اور اجڑے بالوں میں چمکتے سفید بال وہ اس عالم میں کیسی بدصورت لگ رہی تھیں۔ سب نے نظریں جھکالیں۔ میاں منہ پھیر کر کھڑے ہو گئے۔

ب) باغوں میں رہتے رہتے اسے جڑی بوٹیوں کی شناخت ہو گئی تھی۔ خاص کر بچوں کے علاج میں اسے بڑی مہارت تھی۔ دور دور سے لوگ اس کے پاس بچوں کے علاج کے لیے آتے تھے۔ وہ اپنے باغ ہی میں سے جڑی بوٹیاں لا کر بڑی شفقت اور غور سے ان کا علاج کرتا۔ کبھی کبھی دوسرے گاؤں والے بھی اسے علاج کے لیے بلا لے جاتے۔ بلا تأمل چلا جاتا، مفت علاج کرتا اور کبھی کسی سے کچھ نہ لیتا۔

3. نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ (5)

الف) شہادت کے رَجز پڑھتا ہوں میدانِ شہادت میں — رَجز پڑھتا ہوا بڑھتا ہوں ارمانِ شہادت میں
عظیم الشان ہوتا ہے یہ منظر پاکبازی کا — شہیدوں کی خوشی، غُلغلہ مردانِ غازی کا

ب) ناظرِ گل پاسبانِ رنگ و بو، گلشن پناہ — ناز پرور، لہلہاتی کھیتیوں کا بادشاہ
وارثِ اسرارِ فطرت، فاتحِ اُمید و بیم — محرمِ اسرارِ باراں، واقفِ طبعِ نسیم

4. کسی ایک غزلیہ جز کی تشریح کریں۔ شاعر کا حوالہ دیں۔ (5)

الف) نہیں معلوم کس عالم میں حسنِ یار دیکھا تھا — کوئی عالم ہو لیکن دل کی حیرانی نہیں جاتی
محبت میں اک ایسا وقت بھی دل پر گزرتا ہے — کہ آنسو خشک ہو جاتے ہیں طغیانی نہیں جاتی

ب) جو عدم کی جان ہے جو ہے پیامِ زندگی — اس سکوتِ راز، اس آواز کی باتیں کرو
نام بھی لیتا ہے جس کی اک جہانِ رنگ و بو — دوستو! اس نو بہارِ ناز کی باتیں کرو

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 250 تا 300 الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (9)

الف) وقت کی پابندی　　ب) بری صحبت کے نقصانات

tayarri.com